# تعلیم الحدیث

## خط و کتابت کورس

بیرون ملک رہنے والے طلبہ رجسٹریشن چارجز **ONLINE** بھی جمع کرواسکتے ہیں اس کے لیے مندرجہ ذیل لنک پر کلک کر کے ہدایات کے مطابق عمل کریں۔

https://www.alhudapk.com/or

نوٹ: داخلہ فارم کے ساتھ رجسٹریشن چارجز کی ادائیگی کا ثبوت فراہم کرنا لازم ہے ایسے مستحق افراد جو فیس ادا نہ کر سکتے ہوں انکے رجسٹریشن چارجز ادارہ زکوٰۃ یا صدقات فنڈ سے ادا کرے گا اس صورت میں ضرورت مند افراد مدد کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

## کورس کا طریقہ کار

- کورس میں داخلہ لینے پر طالب علم کو ایک رجسٹریشن نمبر دیا جاتا ہے نیز کورس کے بارے میں ہدایات اور کورس کے 1 تا 25 یونٹس کی تفصیل دی جاتی ہے۔
- طالب علم کے لیے ضروری ہے کہ ہر کتاب کو نصاب میں دی گئی ترتیب کے مطابق آڈیو لیکچرز کی مدد سے پڑھے۔
- احادیث کے بہتر فہم کے لئے احادیث کا ترجمہ یاد کرنے کی کوشش کریں۔
- آپؐ کے لیل و نہار میں سے ہر روز ایک موضوع پڑھیں اور عمل کی کوشش کریں۔
- احادیث، ہمارے پیارے نبی ﷺ کی باتیں اور اعمال ہیں، اجر حاصل کرنے کی غرض سے انھیں سیکھنے میں وقت، محنت اور کوشش صرف کریں۔
- روزانہ، سبق کے اختتام پر کوئی ایک حدیث اور عمل کی بات ڈائری میں نوٹ کریں اور اس پر عمل کی کوشش کریں۔
- یہ احادیث گھر کے تمام افراد کی یاد دہانی کے لیے جلی حروف میں لکھ کر گھر میں کسی نمایاں جگہ پر لگائیں۔

## امتحانات

- ہر یونٹ کی تکمیل پر اس کا امتحان لیا جائے گا، لہٰذا ہر یونٹ مکمل کرتے ہی طالب علم شعبہ خط و کتابت کورس کو سوالنامہ / پرچہ ارسال کرنے کے لیے مطلع کرے۔
- پرچہ حل کرنے سے پہلے اپنا نام، رجسٹریشن نمبر اور تاریخ ضرور لکھیں۔
- پرچہ کو اچھی طرح ایک یا دو بار پڑھیں اور پھر پورے اطمینان اور سکون سے جواب لکھیں۔
- پوری دیانت داری سے پرچہ حل کریں اور تصحیح کے لیے شعبہ خط و کتابت کو بھیج دیں اور اسی تسلسل کے ساتھ کورس مکمل کریں۔
- کامیاب ہونے کے لیے ہر کتاب میں 70% نمبر حاصل کرنے ضروری ہیں، بصورت دیگر ری ٹیسٹ دینا ہوگا۔
- اردو کے علاوہ کسی دوسری زبان میں پرچہ حل کرنے کی خواہش رکھنے کی صورت میں ادارے کو پیشگی اطلاع دیں۔
- کورس میں کامیاب ہونیوالے طالب علم کو آئندہ ہونے والی الھدیٰ کانووکیشن میں سرٹیفکیٹ دیا جائے گا۔

## انچارج سے رہنمائی

- خط و کتابت کورس کے دوران نگران کے ساتھ رابطہ رکھنا ضروری ہے۔
- سبق سننے کے دوران کوئی بات سمجھ نہ آئے یا کوئی سوال ذہن میں آئے تو بذریعہ خط یا ای میل شعبہ انچارج سے پوچھیں۔
- مزید معلومات کے لیے شعبہ خط و کتابت سے دیے گئے ایڈریس پر رابطہ کریں۔


**الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن پاکستان**

اسلام آباد: 7۔اے کے بروہی روڈ، H-11/4، اسلام آباد **فون:** +92-51-4866125-9

+92-312-5255688 | +92-336-5322460

ccourse.isb@alhudapk.com | ccalhuda1@yahoo.com

کراچی: شعبہ خط و کتابت، E-59 خیابانِ سحر، ڈی ایچ اے، فیز 6، کراچی

**فون:** +92-335-3964629 | +92-21-35171136-8

cc.dept.khi@alhudapk.com

**www.alhudapk.com**

**www.farhathashmi.com**

# تعلیم الحدیث خط و کتابت کورس

ڈیڑھ سال دورانیہ کا یہ کورس صحیح البخاری، ریاض الصالحین سے منتخب نصاب اور دیگر کتب احادیث پر مبنی ہے۔ اس کورس کا اجراء ان افراد کے لئے کیا گیا ہے جو قرآن کا فہم حاصل کرنے کے بعد حدیثِ رسول کا علم حاصل رکھنے کا شوق رکھتے ہیں۔

**مقاصد:**

- حدیثِ نبوی ﷺ کا علم حاصل کرنا اور اس پر عمل کرنا۔
- علمِ حدیث کی اہمیت واضح کرنا۔

**اہلیت:**

**وہ خواتین و حضرات جو تعلیم القرآن کورس (لفظی ترجمہ و تفسیر) مکمل کر چکے ہوں۔**

**نصاب:** اس کورس میں حدیث کے مندرجہ ذیل مجموعہ جات شامل ہیں۔

| نمبر شمار | کتب | مرتب کا نام | ناشر | مقررہ |
|---|---|---|---|---|
| 1 | اتباعِ سنت کے مسائل | اقبال گیلانی | حدیث پبلیکیشنز | ڈاکٹر فرحت ہاشمی |
| 2 | صحیح البخاری | امام بخاریؒ | مکتبہ رحمانیہ | ڈاکٹر فرحت ہاشمی |
| 3 | ریاض الصالحین | امام نوویؒ | دار السلام | ڈاکٹر فرحت ہاشمی |
| 4 | کتاب الفتن (بخاری / مشکوۃ سے ماخوذ) | ڈاکٹر فرحت ہاشمی | الہدیٰ انٹرنیشنل | ڈاکٹر فرحت ہاشمی |
| 5 | رب زدنی علما | ڈاکٹر فرحت ہاشمی | الہدیٰ انٹرنیشنل | ڈاکٹر فرحت ہاشمی |
| 6 | صدقہ و خیرات | ڈاکٹر فرحت ہاشمی | الہدیٰ انٹرنیشنل | ڈاکٹر فرحت ہاشمی |
| 7 | حسنِ اخلاق | ڈاکٹر فرحت ہاشمی | الہدیٰ انٹرنیشنل | ڈاکٹر فرحت ہاشمی |
| 8 | قال رسول اللہ ﷺ | ڈاکٹر فرحت ہاشمی | الہدیٰ انٹرنیشنل | ڈاکٹر فرحت ہاشمی |
| 9 | رسول اللہ ﷺ کے لیل و نہار | مشتاق احمد شاکر | الاعلام الاسلامی | ڈاکٹر فرحت ہاشمی |

نیز ان تمام کتب کے ساتھ ان کے آڈیو لیکچرز کا سننا بھی لازم ہے۔ یہ لیکچرز الہدیٰ ویب سائٹ www.farhathashmi.com یا Apps (Quran for all) اور (Quran in hand) میں موجود ہیں۔

**کورس کی مدّت:**

- طلبہ کی سہولت کے لیے نصاب میں شامل کُتب 25 یونٹس میں تقسیم کی گئی ہیں، صحیح البخاری 12 یونٹس، ریاض الصالحین 6 یونٹس اور دیگر کتب ایک ایک یونٹ پر مشتمل ہیں۔
- اگر ایک ماہ میں دو یونٹ مکمل کر لیں تو تقریباً ایک سال میں کورس مکمل کر سکتے ہیں۔ اس مدت میں طلبہ کی سہولت کیلئے تھوڑی بہت گنجائش دی جا سکتی ہے۔ ڈیڑھ سال میں کورس مکمل نہ کرنے کی صورت میں رجسٹریشن چارجز دوبارہ ادا کر کے ری رجسٹریشن کروانا ہوگی۔
- یونٹس کی تفصیل کورس شروع کرنے پر مہیّا کی جائے گی۔

## رجسٹریشن کا طریقہ کار

داخلہ فارم بذریعہ فون، ای میل یا شعبہ کے نام خط لکھ کر منگوائیں۔ فارم ادارہ میں آ کر بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

- داخلہ فارم پُر کریں اور رجسٹریشن چارجز کی ادائیگی کی رسید کے ساتھ شعبہ خط و کتابت کو جلد از جلد ارسال کریں۔ (اس میں بالکل تاخیر نہ کریں)

## رجسٹریشن چارجز

**اندرونِ ملک** -/1500 روپے فی طالب علم (برائے مکمل کورس)

**بیرونِ ملک** 70 ڈالر (امریکی) یا اسکے مساوی

## رجسٹریشن چارجز جمع کرانے کا طریقہ

- رجسٹریشن چارجز خود بھی ادارے میں جمع کروا کر رسید حاصل کی جا سکتی ہے۔ علاوہ ازیں یہ چارجز بنک ڈرافٹ بنام "الہدیٰ انٹرنیشنل ویلفئر فاؤنڈیشن" یا بذریعہ منی آرڈر (بنام شعبہ خط و کتابت الہدیٰ انٹرنیشنل) ارسال کیے جا سکتے ہیں۔
- اگر براہِ راست رقم بنک میں جمع کروانا ہو تو مندرجہ ذیل اکاؤنٹ میں جمع کروا کر رسید حاصل کر سکتے ہیں۔

**Account Title:** Al-Huda International Welfare Foundation
**Bank:** Meezan Bank Limited
G-13 Branch, Islamabad, Pakistan.
**Branch Code:** 0320
**Swift Code:** MEZNPKKAGRD
**Account No:** 0103906500 (Rupee)
**IBAN No:** PK14MEZN0003200103906500

داخلہ فارم

## تعلیم الحدیث خط و کتابت کورس

(اس فارم کے تمام کالم پُر کرنا لازمی ہے۔)

نام ---------------- ولدیت ----------------------

عمر ---------------------- جنس ----------------------

تعلیم ---------------------- پیشہ ----------------------

رہائشی پتہ ----------------------------------------

----------------------------------------

شناختی کارڈ نمبر ----------------------------------------

قومیت / پاسپورٹ نمبر **(صرف بیرون ملک طلبا کے لیے)** ----------

فون نمبر ----------------------------------------

ای میل ----------------------------------------

خط و کتابت کے لیے پتہ ----------------------------------------

----------------------------------------

ادارے سے پہلے جو کورسز کیے ان کے نام لکھیں ----------------------

----------------------------------------

رجسٹریشن چارجز مبلغ ------------ روپے، مورخہ ------------

کو بذریعہ ------------ ارسال کر دیے ہیں۔

تاریخ ------------ دستخط طالب علم ------------

نوٹ: فون نمبر یا پتہ تبدیل ہونے کی صورت میں شعبہ کو آگاہ کریں۔

رجسٹریشن چارجز ادا نہ کر سکنے کی صورت میں مدد کی درخواست فارم کے ساتھ ارسال کریں۔

---

**دفتری استعمال کے لیے**

رجسٹریشن نمبر ________________________